سوال

(152) کیا نبی ﷺ کے والدین زندہ ہیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا یہ بات درست ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے والدین کو زندہ کر کے کلمہ پڑھایا گیا اور پھر ان کی روح قبض کر لی گئی ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے مسالک الحنفاء میں ایسی روایات نقل کی ہیں لیکن وہ سخت ضعیف بلکہ موضوع (من گھڑت) ہیں سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے ہر ممکن طریقہ سے کوشش کی ہے کہ ان کا ایمان ثابت کیا جائے لیکن علامہ ملا علی قاری حنفی رحمۃ اللہ علیہ نے اس کے بر عکس ایک رسالہ بنام ۔

''اعتقاد اصحاب ابی حنیفۃ فی ابوي رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لکھا ہے (انظر فی ہذا الرسالہ ص ٦٢ بتحقیق مشہور بن حسن ط مکتبۃ الغرباء الاثریۃ المدینۃ المنورۃ) اس امر کی تشریح فقہ اکبر (وقال محقق اعتقاد اصحاب ابی حنیفۃ.....الخ مشہور بن حسن الفقہ الاکبر ص ١٣- مع شرح المصنف لہ طبعۃ دہلی ١٣١٤ ھ فیہ قول ابی احنیفۃ وعلیہ شرح ملا علی قاري وانظر اقوال بعض العلماء فی ابوي النبی صلی اللہ علیہ وسلم الاول : الامام البیہقی رحمۃ اللہ تعالیٰ فی دلائل النبوۃ (١/١٩٢' ١٩٣) والسنن الکبريٰ (7/190) میں موجود ہے اور یہی بات حق ہے ۔

ھذا ما عندي واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ مدنیہ

ج1ص434

محدث فتویٰ